© rasailojaraid.com

وفاق المدارس
کے زیر اہتمام
پہلا تاریخ ساز

# دینی مدارس کنونشن

زیر صدارت: شیخ الحدیث حضرت مولانا سلیم اللہ خان دامت برکاتہم (صدر الوفاق)

## وفاق المدارس العربیہ پاکستان

کے سالانہ امتحانات سال ۱۴۲۴ھ (2003ء)، ۱۴۲۵ھ (2004ء) میں اوّل، دوم، سوم آنے والے طلباء وطالبات کو

**15 مئی 2005ء بروز اتوار بوقت 9 بجے صبح "کنونشن سنٹر اسلام آباد"**

میں ایک پُر وقار تقریب میں پہلی مرتبہ مُلکی سطح پر انعامات اور متعلقہ مدارس کو تعریفی سندات دینے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔

**اس کنونشن سے مُلک کی ممتاز دینی، قومی شخصیات، اہل علم وفضل اور علماء ومشائخ خطاب فرمائیں گے**

اس پُر وقار تقریب میں مختلف ممالک کے سفراء، وطنِ عزیز کی اہم شخصیات اور مدارسِ دینیہ کے نمائندگان شریک ہوں گے۔ گزشتہ دو سالوں میں اوّل، دوم، سوم آنے والے طلباء 14 مئی بروز ہفتہ بوقت ظہر جامعۃ الاسلامیہ الفریدیہ اسلام آباد میں حاضر ہوکر اپنے کوائف درج کرائیں۔ جبکہ طالبات اپنے محرم رشتہ دار کے ساتھ جامعہ حفصہ للبنات مرکزی جامع مسجد لال، اسلام آباد میں حاضری دیں۔ طلباء وطالبات کے تقسیم انعامات کی تقاریب کنونشن سنٹر کے الگ الگ ہالوں میں منعقد ہوں گی۔ اور طالبات کے انعامات کی تقریب میں صرف خواتین شریک ہوں گی۔ انعام حاصل کرنے والے طلباء وطالبات، متعلقہ مدارس کے مہتمم حضرات اور "وفاق المدارس" کی مجلسِ عاملہ کے ارکان اور مسئولین کو دعوت نامے ارسال کردیئے گئے ہیں۔ تاہم اس اشتہار کو بھی دعوت نامہ تصور فرمایا جائے۔

**اس اہم پروگرام میں درج ذیل عنوانات پر مُلک کے ممتاز اہلِ علم وقلم حضرات اظہارِ خیال فرمائیں گے:**

☆ برصغیر میں دینی مدارس کا معاشرتی کردار ☆ تحریک پاکستان اور دینی مدارس ☆ تحریک آزادی اور دینی مدارس ☆ اصلاحِ معاشرہ اور دینی مدارس ☆ تجدد کی تحریکیں اور دینی مدارس ☆ تحفظ عقائد میں دینی مدارس کا کردار ☆ دینی مدارس اور مغربی تہذیب وفلسفہ ☆ دورِ جدید کا فکری چیلنج اور دینی مدارس ☆ عالم اسلام پر برصغیر کے دینی مدارس کے اثرات ☆ عربی زبان کے فروغ کے لئے دینی مدارس کی جدوجہد ☆ تحفظ ختمِ نبوت اور دینی مدارس ☆ وفاق المدارس کی جدوجہد کا مرحلہ وار جائزہ ☆ دعوتِ اسلامی کی عالمی جدوجہد اور دینی مدارس ☆ دینی مدارس اور جدید تعلیمی تقاضے ☆ دینی مدارس کی اجتہادی خدمات ☆ گلوبلائزیشن اور دینی مدارس ☆ دینی مدارس کے تعلیمی نظام ونصاب کا جائزہ ☆ جدید علوم وفنون اور دینی مدارس ☆ پاکستان میں علم کے فروغ کے لئے وفاق المدارس کی کارکردگی ☆ قرآن وسنت کی روشنی میں قوم کی راہنمائی ☆ دینی مدارس کا بنیادی مقصد ☆ دینی مدارس کی صحافتی خدمات ☆ دینی مدارس پر قدامت پسندی کا الزام اور اس کی حقیقت

**نوٹ:** اہلِ قلم حضرات ان عنوانات پر اپنا مضمون تحریر فرما کر درج ذیل پتہ پر ارسال فرمائیں۔
یہ مضامین خصوصی اشاعت میں شامل کئے جائیں گے۔

الداعی الی الخیر: محمد حنیف جالندھری، ناظم اعلیٰ وفاق المدارس العربیہ پاکستان

رابطہ: جامعہ خیر المدارس بیرون دہلی گیٹ ملتان
فون: 061-544440 فیکس: 061-545524

© rasailojaraid.com